✿ گوشہ تعارف و تبصرہ کتب ✿

تبصرہ نگار پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی

کتاب کا نام : جَوِّدِ القرآن ۲۰۱۰ء

مصنف : شاہدہ قاری (فون: ۰۳۲۱۲۹۵۹۹۱۲)

ناشر : علوم القرآن انسٹی ٹیوٹ B-69 بلاک 11 گلستان جوہر

قیمت وصفحات : درج نہیں، ۳۵۶ صفحات

تجوید کی تدریس کے لئے نئے زوائے اور اسلوب اختیار کیے گئے ہیں، جس سے یقیناً تجوید کو فروغ حاصل ہوگا۔ پوری کتاب دو کلر میں شائع ہوئی ہے۔

محترمہ نے سبب تالیف بیان کرتے ہوئے لکھا ہے کہ مقصد یہ ہے کہ تجوید پر اتنی گرفت حاصل ہو جائے کہ پڑھنے والا دوسروں کو پڑھانے کے قابل ہو جائے، یہی محترمہ کی زندگی کا مشن ہے۔ محترمہ تدریس کا طویل تجربہ رکھتی ہیں، اور اس عمر میں بھی حصول علم کا شوق کم نہیں ہوا، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی سے ایم اے عربی کر رہی ہیں اور یہی شرف ملاقات کا سبب بنا۔ دعاء ہے اللہ تعالیٰ محترمہ سے دین کی خدمت لے اور اس کوشش و کاوش کو قبول فرمائے، آپ کی شخصیت دیگر خواتین کے لئے قابل تقلید و نمونہ ہے۔ آمین۔ کتاب اس لائق ہے کہ قراء کرام و اساتذہ کرام اس سے استفادہ کریں اور اسے ہر لائبریری کی زینت بنایا جائے۔

مجلّہ : پہچان (کتابی سلسلہ) میر پور خاص

ایڈیٹر : تاج قائم خانی / ذوالفقار دانش / کرن سنگھ

قیمت وصفحات : درج نہیں۔ ۱۹۲ صفحات

ملنے کا پتہ : پوسٹ بکس نمبر ۶۳ تاج چیمبرس نیو ٹاؤن میر پور خاص

مجلّہ میں ادبی مضامین کے ساتھ افسانے، گیت، غزلیں، نظمیں، ترجمے اور تبصرے شامل ہیں۔ یہ مستقل ماہنامہ یا سالنامہ نہیں، بلکہ کتابی سلسلہ کا عنوان دے کر اس کے شمارے شائع